© rasailojaraid.com

پیچیدہ اور الجھی ہوئی ہوتی ہیں کہ ان کے بارے میں وثوق اور یقین سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ تاثراتِ قلب خواہ کتنے ہی شدید ہوں، اتنے واضح اور قطعی نہیں ہوتے کہ ان کو کفر و ایمان کا مدار بنایا جا سکے۔

دراصل ہمارے ہاں صدیوں سے یہ غلط تصور چلا آرہا ہے کہ الہام کشف ہی کی کوئی ترقی یافتہ شکل ہے۔ حالانکہ یہ بالکل غلط ہے۔ عقلی تجربات، مراقبہ و تفکر اور وحی و الہام تین الگ الگ انواع ہیں اور ان تینوں کے میدان بالکل جدا جدا ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ انسان کے پاس ایک ایسی باطنی طاقت اور اندرونی حاسہ ہے جس کو اگر وہ بیدار کرے اور ترقی دے تو مادیات سے ماوراء بہت سے عجائبات اور موجودات کا ادراک کر سکتا ہے جن کا ادراک کسی حاسۂ ظاہری سے ممکن نہیں لیکن یہ صرف اس بات کا ثبوت ہے کہ ایک انسان کے ظاہری حواس کے ساتھ ایک حاسۂ باطنی بھی ہے اور ممکن ہے کہ دوسرے حاسے بھی ہوں۔ لیکن اس سے یہ اخذ کر لینا کہ یہ حاسہ بالکل صحیح ہے اور اس راستہ سے جو علم انسان کو حاصل ہوتا ہے وہ بالکل درست اور قطعی ہے، ٹھیک نہیں۔ انسان کے دیگر حواس کی طرح یہ بھی ایک حاسہ ہے۔ اسی طرح کمزور اور محدود جس طرح دوسرے، اُسی طرح خطاپذیر اور متاثر ہونے والا جس طرح انسان کی ساری طاقتیں اور انکشافِ علم کے سارے ذرائع۔ اس وجہ سے جو علم ہمیں اس ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے اس میں صحت اور قطعیت نہیں ہوتی۔ اور اس بنا پر اس پر کفر و ایمان کا انحصار نہیں رکھا جا سکتا۔ اگر ہم اہلِ کشف کے باطنی تجربات کی تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ ان میں بڑا تعارض اور تناقض پایا جاتا ہے جس کی نظیر شاید فلسفہ میں بھی نہ مل سکے۔

جو چیز کفر و ایمان کے لیے ایک کسوٹی کے طور پر انسانیت کو دی گئی ہے وہ نہ تو انسانی عقل کی رہین منت ہے اور نہ ہی اندرونی کیفیات کی کرشمہ سازی۔ وہ نہایت واضح طور پر ہر آلائش سے پاک اور منزہ، خارج سے بعض پاکباز انسانوں کے دلوں میں ڈال دی جاتی ہے۔ اس میں نہ اُس شخص کی عقل کو دخل ہوتا ہے اور نہ ہی اُس کے باطنی تجربات کو۔ پھر یہ کسی محنت سے بھی حاصل نہیں ہوتی۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں جتنے انبیاء گزرے ہیں انھوں نے اپنے دعوائے نبوت کو بڑے یقین اور وثوق سے پیش کیا۔ اس کے اقرار کو نجات، اور انکار کو کفر قرار دیا۔ اپنے بارے میں انھوں نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کبھی کسی شک اور تذبذب کا اظہار نہ کیا۔ دعویٰ کرنے سے پہلے ان کے متعلق کبھی کسی کو یہ گمان تک نہ ہوا کہ وہ کوئی غیر معمولی دعویٰ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ لیکن جب اللہ نے پیغام نازل فرما دیا تو پھر بڑے وثوق اور یقین سے انھوں نے اپنے دعویٰ کو پیش کیا اور اپنے موقف کو لوگوں سے منوایا۔ اب جو شخص یہ سمجھ لیتا ہے کہ خارجی ماحول انسان کے اندر بعض ایسی داخلی کیفیات پیدا کرتا ہے، جن کے ذریعہ وہ اپنے خالق کی صورت گری کر سکتا ہے تو وہ سخت غلطی پر ہے، کیونکہ اس قسم کی واردات خواہ کتنی ہی روح پرور اور مسحور کن ہوں، ایک دین کی تخلیق نہیں کر سکتیں۔ وہ زیادہ سے زیادہ ایک فرد کی روحانی تسکین کا سامان فراہم کرتی ہیں لیکن کسی انقلاب انگیز اور باطل شکن تحریک کو جنم نہیں دے سکتیں کیونکہ ان میں وہ قوت، وہ وثوق اور یقین نہیں ہوتا جو کسی نظامِ حیات کے لیے ضروری ہے۔ اس قسم کے کشف صرف ایک فرد تک محدود رہتے ہیں اور وہ کسی صورت میں بھی دوسروں کے لیے حجت نہیں بن سکتے۔ جب ایک چیز کو حجت، برہان یا الفرقان کے طور پر پیش کیا جائے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ نہایت واضح اور غیر مبہم ہو۔

کتاب کے اس حصے میں دو تین مقامات ایسے آتے ہیں جو اگر نہ ہوتے تو اچھا تھا۔ فاضل مصنف نے جہاں جہاں عورتوں کی تصویر کشی کی ہے وہ اُن جیسے سنجیدہ آدمی کے شایانِ شان معلوم نہیں ہوتی۔ انھوں نے الفاظ کے بالکل بے جا اسراف سے اس قسم کی تصاویر کھینچی ہیں جن میں لذتیت صاف طور پر جھلکتی ہے۔

